17-06-2024 MONDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

ا۔تلنگانہ حکومت 15 اگست تک کسانوں کے 2 لاکھ روپے تک کے فصلی قرض کی معافی کو نافذ کرنے کے طریقوں پر کام کررہی ہے۔

۲۔سینئر بی آر ایس لیڈر اور سدی پیٹ کے ایم ایل اے ٹی ہریش راؤ نے سوشل میڈیا میں ان خبروں کو مسترد کردیا کہ وہ نئے ورکنگ صدر کے طور پر بی آر ایس کی باگ ڈور سنبھال رہے ہیں یا دوسری پارٹی میں شامل ہونے کے لیے پارٹی چھوڑ رہے ہیں۔

۳۔آندھرا پردیش کے وزیر اعلیٰ چندرا بابو نائیڈو نے پولاورم پراجکٹ کی موجودہ صورتحال پر تشویش کا اظہار کیا۔

۴۔ قربانی کا تہوار عیدالاضحیٰ آج پورے تلنگانہ میں مذہبی جوش و جذبے کے ساتھ منایا جارہا ہے۔

اور

۵۔حیدرآباد اور آس پاس کے علاقوں میں موسلا دھار بارش ہوئی ہے۔محکمہ موسمیات نے تلنگانہ میں آئندہ تین دنوں تک بارش کی پیش قیاسی کی۔

☆☆☆

سینئر بی آر ایس لیڈر اور سدی پیٹ کے ایم ایل اے ٹی ہریش راؤ نے سوشل میڈیا میں ان خبروں کو مسترد کردیا کہ وہ نئے ورکنگ صدر کے طور پر بی آر ایس کی باگ ڈور سنبھال رہے ہیں یا دوسری پارٹی میں شامل ہونے کے لیے پارٹی چھوڑ رہے ہیں۔انہوں نے لوگوں بالخصوص میڈیا پر زور دیا کہ وہ اس قسم کی غلط خبریں پھیلانے سے گریز کریں۔ ہریش راؤ سوشل میڈیا پر جھوٹی خبریں پھیلانے والوں پر زور دیا کہ وہ ان جیسے لیڈر کی ساکھ اور وفاداری کو نقصان نہ پہنچائیں۔تلنگانہ بھون آج ایک پریس کانفرنس کے دوران ہریش راؤ نے مزید کہا کہ وہ بی آر ایس صدر کے چندر شیکھر راؤ کے وفادار سپاہی ہیں اور ان کے پارٹی چھوڑنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا ہے۔انہوں نے متنبہ کیا کہ اس کے بعد وہ اس قسم کی غلط خبریں پھیلانے والوں کو قانونی نوٹس بھیجیں گے اور ضروری قانونی کارروائی شروع کریں گے۔سابق وزیر نے مطالبہ کیا کہ ریاستی حکومت تلنگانہ کے عوام کو درپیش مسائل پر توجہ مرکوز کرے اور بی آر ایس کے خلاف کیچڑ اچھال کر وقت گزارنے کے بجائے ترجیحی بنیادوں پر لوگوں کے مسائل حل کریں۔ ہریش راؤ نے یہ بھی مطالبہ کیا کہ ریاستی حکومت فوری طور پر جاب کیلنڈر کا اعلان کرے اور مختلف امتحانات کے درمیان مناسب وقفہ کو یقینی بنائے تاکہ امیدواروں کے پاس تیاری کے لیے کافی وقت ہو۔ ہریش راؤ چاہتے ہیں کہ حکومت اپنے وعدہ کے مطابق گروپ II کے لیے تقریباً 2,000 نوکریوں اور گروپ III کے لیے تقریباً 3,000 آسامیوں کا نوٹیفکیشن جاری کرے اس کے علاوہ تجویز کردہ 11,000 آسامیوں کی بجائے کل 25,000 آسامیوں کے لیے DSC کا انعقاد کیا جائے۔

☆☆☆

قربانی کا تہوار عیدالاضحیٰ آج پورے تلنگانہ میں مذہبی جوش و جذبے کے ساتھ منایا جارہا ہے۔عیدالاضحیٰ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی اپنے بیٹے حضرت اسمٰعیل کو خدا کے حکم کی تعمیل میں قربان کرنے کی رضامندی کی یاد میں منائی جاتی ہے۔مسلمانوں نے آج صبح عیدگاہوں اور مساجد میں نماز عید ادا کی۔ بعد میں انہوں نے آپس میں ایک دوسرے کو عید کی مبارکباد دی۔حیدرآباد میں عیدگاہ میر عالم اور مکہ مسجد سمیت دیگر عیدگاہوں میں نماز عید کے بڑے اجتماعات منعقد ہوئے۔اس موقع پر علماء نے لوگوں سے امن اور ہم آہنگی برقرار رکھنے اور بھائی چارے کے جذبے سے تہوار منانے کی اپیل کی۔ریاست کے دیگر حصوں سے بھی عید کی نماز کے اجتماعات منعقد ہوئے۔

☆☆☆

T20 ورلڈ کپ ٹورنامنٹ ایک کامیاب پول مرحلے کے بعد سوپر 8 مرحلے کے لیے تیار ہے۔عالمی ایونٹ کے دوسرے مرحلے میں ٹاپ آٹھ ٹیمیں مدمقابل ہوں گی۔ روہت کی قیادت والی ٹیم انڈیا سوپر 8 میں کوالیفائی کرنے والی پہلی ٹیم بن گئی اور گروپ اے میں ٹیبل ٹاپر رہی۔انہیں اب 'سپر ایٹ' میں آسٹریلیا، افغانستان اور بنگلہ دیش کے ساتھ گروپ 1 میں رکھا گیا ہے۔انگلینڈ، امریکہ، جنوبی افریقہ اور ویسٹ انڈیز نے گروپ 2 میں اپنی جگہ پکی کرلی ہے۔

☆☆☆

مغربی بنگال میں آج ایک ٹرین حادثہ پیش آیا۔ کنچن جنگا اکسپریس سے ایک مال گاڑی ٹکرا گئی۔ ریلوے بورڈ کے چیرمین جیاورما نے کہا کہ ریسکیو آپریشن مکمل ہوگیا ہے۔ میڈیا کو بریفنگ دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اس حادثے میں آٹھ افراد اپنی جان سے ہاتھ دھو بیٹھے ہیں جن میں تین ریلوے اہلکار بھی شامل ہیں۔ انہوں نے کہا گڈز ٹرین کا لوکو پائلٹ جس نے سگنل کو نظر انداز کیا، حادثے میں ہلاک ہوگیا۔ اس کے علاوہ مال گاڑی کا اسسٹنٹ ڈرائیور اور کنچن جنگا ایکسپریس کا گارڈ بھی اپنی جان سے ہاتھ دھو بیٹھا۔ جیا ورما نے بتایا کہ زخمیوں کو قریبی نارتھ بنگال کالج میں داخل کرایا گیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ اس حادثے میں تقریباً 50 لوگ زخمی ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگرتلا۔ سیالدہ روٹ پر تمام ریلوے اسٹیشنوں پر ہیلپ ڈیسک قائم کیے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پہلی نظر میں یہ انسانی غلطی ہے لیکن مزید تفصیلات انکوائری کے بعد سامنے آئیں گی۔ اسی دوران ریلوے کے وزیر اشونی وشنو نے کہا کہ متاثرین کو معاوضہ فراہم کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ موت کی صورت میں 10 لاکھ روپے، شدید زخمیوں کو 2 لاکھ 50 ہزار اور معمولی زخمیوں پر 50 ہزار روپے دیئے جائیں گے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے پی ایم ریلیف فنڈ سے دو لاکھ روپے کے ایکس گریشیا کا اعلان کیا ہے۔ یہ رقم مغربی بنگال میں ریلوے حادثے میں ہر مرنے والے کے لواحقین کو دی جائے گی۔ زخمیوں کو 50 ہزار روپے دیے جائیں گے۔

☆☆☆

آصف آباد ضلع میں کاغذ نگر زرعی مارکیٹ کمیٹی کی نئی گورننگ باڈی نے آج حلف اٹھایا۔ ضلع کے کوٹالہ منڈل کے صدر دفتر کے سدلا دیویا نے ایگریکلچر مارکیٹ کمیٹی کے چیرمین کے طور پر حلف لیا جبکہ ورلا ترو پتی نے وائس چیرمین کے طور پر حلف لیا۔ 11 دیگر ڈائریکٹرز نے بھی حلف اٹھایا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کسانوں کو مشکلات کا سامنا نہ کرنے کو یقینی بنانے کے لیے اقدامات کیے جائیں گے۔

☆☆☆

تلنگانہ حکومت 15 اگست تک کسانوں کے 2 لاکھ روپے تک کے فصلی قرض کی معافی کو نافذ کرنے کے طریقوں پر کام کر رہی ہے۔ حکام صرف ان لوگوں کو قرض معاف کرنے کے لیے مختلف تجاویز پر غور کر رہے ہیں جو اہل ہیں۔ قرض کی معافی کو نافذ کرنے کے لیے پاس بک اور راشن کارڈ کو معیار کے طور پر لینے کی امید ہے۔ حکومت نے پہلے ہی ارکان پارلیمنٹ، ایم ایل ایز، انکم ٹیکس دہندگان اور ملازمین کو قرض کی معافی سے مستثنیٰ کرنے کا اصولی فیصلہ کیا ہے۔ 12 دسمبر 2018 سے لیے گئے اور تجدید کیے گئے فصلی قرضوں کی معافی کے نفاذ کا امکان ہے۔

☆☆☆

نیشنل کونسل آف ایجوکیشنل ریسرچ اینڈ ٹریننگ کے ڈائریکٹر دنیش پرساد سکلانی نے کہا ہے کہ این سی ای آر ٹی کی نصابی کتب میں بھارت اور ہندوستان کو ایک دوسرے کے ساتھ استعمال کیا جائے گا جیسا کہ ملک کے آئین میں ہے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں الفاظ کتابوں میں استعمال ہوں گے اور کونسل کو بھارت اور بھارت سے کوئی مسئلہ نہیں ہے۔ اسکول کے نصاب پر نظر ثانی کے لیے NCERT کے ذریعے تشکیل دی گئی سماجی سائنس کے لیے ایک اعلیٰ سطحی کمیٹی نے پچھلے سال سفارش کی تھی کہ تمام کلاسوں کے لیے نصابی کتابوں میں انڈیا کی جگہ بھارت لکھنا چاہیے۔

☆☆☆

مرکزی وزارت بجلی نے تلنگانہ پاور ڈپارٹمنٹ سے جولائی کے آخر تک یہ فیصلہ کرنے کو کہا ہے کہ آیا وہ آندھرا پردیش تقسیم قانون کے مطابق راما گنڈم میں این ٹی پی ایس کے ذریعہ خصوصی طور پر تلنگانہ کے لئے 2400 میگاواٹ پاور پلانٹ سے بجلی بنانا چاہتا ہے۔ ایکٹ کے مطابق 4000 میگاواٹ پلانٹ خصوصی طور پر تلنگانہ کے لئے تعمیر کیا جانا تھا جبکہ 1600 میگاواٹ پلانٹ میں سے NTPS نے پہلے ہی رام گنڈم میں تلنگانہ پاور اسٹیشن کے نام سے تعمیر کیا ہے اس سے تلنگانہ روزانہ 3 کروڑ یونٹ بجلی فراہم کی جارہی ہے۔ مرکزی وزارت بجلی نے اب تلنگانہ حکومت سے یہ وضاحت کرنے کو کہا ہے کہ کیا تعمیر کیے جانے والے بقیہ 2400 میگاواٹ پلانٹ سے بجلی کی خریداری کے معاہدے پر دستخط کیے جائیں گے یا نہیں۔

☆☆☆

سنگاریني ملازمین کی معلومات اور خدمات فراہم کرنے کے لیے انفارمیشن ٹیکنالوجی کے وسیع استعمال کے اعتراف میں۔ ایکسپریس کمپیوٹر آرگنائزیشن کی جانب سے سنگاریني کمپنی کو بہترین آئی ٹی سروسز کمپنی کا ایوارڈ ملا ہے۔ سنگاریني کمپنی کو یہ ایوارڈ انٹر پرائز ایپلی کیشن کے زمرے میں ملا ہے۔ یہ ایوارڈ کل جے پور میں منعقدہ ایک تقریب میں پیش کیا گیا۔

☆☆☆

آندھراپردیش کے وزیراعلیٰ چندرابابونائیڈو نے آج پولاورم پراجکٹ کا دورہ کیا اور کام کاج کا معائنہ کیا۔ پولاورم پراجکٹ کو ریاست آندھراپردیش کی لائف لائن سمجھا جاتا ہے۔ اس دورہ کے موقع پر چندرابابونائیڈو نے پراجکٹ کے موجودہ صورتحال پر تشویش کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ تلگودیشم کی گزشتہ حکومت میں ہی یہ پراجکٹ 72 فیصد مکمل ہو چکا تھا، لیکن بعد میں صورتحال یکسر تبدیل ہوگئی اور اب عہدیداران اس پراجکٹ کی تکمیل کے لئے مزید چار سال لگنے کی بات کہہ رہے ہیں۔

☆☆☆

شہر حیدرآباد میں آج شام موسلادھار بارش ہوئی ہے شہر کے مختلف علاقوں نامپلی، بشیر باغ، لیبرٹی، حمایت نگر، لکڑی کا پل اور دیگر علاقوں میں سڑکوں پر پانی جمع ہوگیا۔ تیز ہواؤں کی وجہ سے بعض مقامات پر درخت اکھڑ گئے۔ امیر پیٹ، راجندر نگر، اتاپور، ایس آر نگر، ایرہ گڈہ، یوسف گوڑہ، لنگر ہاوس اور گنڈی پیٹ کے نشیبی علاقہ زیرآب آ گئے۔ ملک پیٹ، چادر گھاٹ، سعید آباد، سنتوش نگر، چمپاپیٹ، سرورنگر، چیتنیاپوری میں بھی شدید بارش ہوئی ہے۔ جی ایچ ایم ڈیزاسٹر مینجمنٹ کی ٹیمیں متحرک ہوگئی ہیں اور راحت و بچاؤ سرگرمیوں میں جٹ گئی ہیں۔ اسی دوران حیدرآباد کے محکمہ موسمیات نے تلنگانہ میں آئندہ تین دنوں تک بارش کی پیش قیاسی کی ہے۔

☆☆☆

مرکزی وزرا کشن ریڈی اور بنڈی سنجے چہارشنبہ کو تلنگانہ کا دورہ کریں گے۔ بی جے پی کی جانب سے دونوں مرکزی وزرا کا شاندار استقبال کرنے کی تیاریاں کی جارہی ہیں۔ دونوں لیڈران مرکزی وزیر بننے کے بعد پہلی مرتبہ ریاست کا دورہ کررہے ہیں۔ بی جے پی پارٹی دفتر کے قریب ایک میٹنگ منعقد کرنے کے علاوہ ایک ریالی کا منصوبہ بنایا گیا ہے۔

☆☆☆

بی جے پی نے مہاراشٹر، ہریانہ، جھارکھنڈ اور جموں وکشمیر میں ضمنی انتخاب کے لئے ریاستی سطح پر انتخابات کی نگرانی کے لئے انچارج اور ان کے معاون کی تقرری کی ہے۔ مرکزی وزیر کشن ریڈی کو جموں وکشمیر اسمبلی انتخابات کے لئے انچارج بنایا گیا ہے۔